محکمہ مال خیبر پختونخواہ

اسمبلی سوال نمبر۔748

منجانب: سجاد اللہ، رکن صوبائی اسمبلی

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| الف۔ | کیا وزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ کہ تحصیل بنکھڑ رنولیہ کو تحصیل کا درجہ کب دیا گیا؟ | تحصیل بنکھڑ رنولیہ کو تحصیل کا درجہ 28 مئی 2018 کو دیا گیا ہے۔ |
| ب۔ | مذکورہ تحصیل میں انتظامیہ کے دفاتر کا کام تا حال کیوں عمل میں نہیں لایا گیا ہے۔ وجوہات بیان کیئے جائیں۔ | مذکورہ تحصیل میں تحصیل عمارت نہ ہونے کی وجہ سے دفتری کام عمل میں نہیں لایا گیا ہے۔اور تا حال تحصیل کی عمارت کے لیے جگہ کا تعین بھی نہیں کیا گیا ہے کیونکہ سربلند وغیرہ ساکنان رانولیہ نے پشاور ہائی کورٹ بینچ ایبٹ اباد میں تحصیل ہیڈ کوارٹر کے مقام کے لیے پٹیشن دائر کی ہے (کاپی ساتھ لف ہے)۔ جبکہ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو)، تحصیلدار، پٹواری، جونیئر کلرک اور کلاس فور کو رانوالیہ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (واپڈا) کی عمارت جو کہ تحصیل بنکھڑ / رانوالیہ میں کلرک اور ایک کلاس فور جس میں وہ عوام کے وسیع تر مفاد میں وقتی طور پر اپنی خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔ |
| ج۔ | اگر تحصیل ہذا میں انتظامیہ کی دفاتر موجود ہیں تو ان میں فعال اور غیر فعال دفاتر کی تعداد بتائی جائے۔ | تحصیل ہذا میں تحصیل کی عمارت نہ ہونے کی وجہ سے تحصیل انتظامیہ جو کہ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو)، تحصیلدار، پٹواری، جونیئر کلرک اور ایک کلاس فور کو رانوالیہ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (واپڈا) کی عمارت جو کہ تحصیل بنکھڑ / رانوالیہ میں واقع ہے۔ جس میں وہ عوام کے وسیع تر مفاد میں وقتی طور پر اپنی خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔ |

CS CamScanner

GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
BOARD OF REVENUE
REVENUE & ESTATE DEPARTMENT
Peshawar dated the, 28/05/2018.

NOTIFICATION

No. Rev: VI/Creation of Tehsil Bankand/Ranolia/Kohistan Lower 23225 . In exercise of the powers conferred by Section-6 Sub-Sections (1) and (2) of the Khyber Pakhtunkhwa Land Revenue Act, 1967 (Khyber Pakhtunkhwa Act XVII of 1967), the Government of Khyber Pakhtunkhwa is pleased to declare Bankand/Ranolia area in District Kohistan Lower as Tehsil with immediate effect. The said area shall have the status of Tehsil and shall consist of 06 Wards 24 VCs;

| Name of Tehsil | Name of Union Councils/ Wards | No. of VCs NCs. | Name of Mouzajat | Proposed Headquarter |
|---|---|---|---|---|
| Bankand Ranolia | 1. Bankand<br>2. Ranolia<br>3. Dubair Payeen.<br>4. Dubai Khas<br>5. Dubair Bala<br>6. Jijal | 1. Bankand No. 1<br>2. Bankand No.2<br>3. Bankand Pine<br>4. Bankand Bala<br>5. Tehsil Banda<br>6. Kuz Kilay Ranolia<br>7. Bar Kilay Ranolia<br>8. Dara Shabi Khail<br>9. Dara Doomi Kheil<br>10. Shongial Dubair<br>11. Kass Dubair<br>12. Bela Dubair<br>13. Sanagai Dubair<br>14. Jaag Dubair<br>15. Baneel Dubair<br>16. Dubair Village<br>17. Shalkey Dubair<br>18. Moj Gali Dubair<br>19. Neri Dubair<br>20. Dubair Bala<br>21. Gaya Dubair<br>22. Jijal Village<br>23. Mali Dara<br>24. Khor Bahadar Khel | unsettled | Bankand |

With the approval of
SMBR/Secretary to Govt: of Khyber Pakhtunkhwa
Revenue & Estate Department

**GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA**
**BOARD OF REVENUE**
**REVENUE AND ESTATE DEPARTMENT**
**(Revenue Section)** Ph: 091-9212319

No. Rev:VII/Creationof TehsilBankat Kohistan 23226-96

Copy forwarded to the:-

1. Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All Administrative Secretaries to Government of Khyber Pakhtunkhwa.
3. All Commissioners, in Khyber Pakhtunkhwa.
4. Inspector General of Police, Khyber Pakhtunkhwa.
5. Deputy Commissioner, Kohistan Lower.
6. District Police Officer, Kohistan Lower.
7. Section Officer-V,Chief Minister 's, Secretariat Khyber Pakhtunkhwa with reference to his letter No. SOV-CMS/KPK/2018/1178-79 dated 22.01.2018.
8. Section Officer (Cabinet), Establishment and Adminisration Department (Cabinet Wing) Khyber Pakhtunkhwa with reference to his letter No. SOC(E&AD)27304/2018 dated 01.02.2018.
9. Provincial Election Commissioner, Khyber Pakhtunkhwa.
10. All Heads of Attached Department in Khyber Pakhtunkhwa.
11. Deputy Census Commissioner (G) Government of Pakistan, Statistics Division Population Census Organization State Life Building, Peshawar.
12. Survey General of Pakistan, Government of Pakistan Survey of Pakistan, Murree Road, Faiz Abad, Rawalpindi.
13. Director Information, Khyber Pakhtunkhwa, Peshawar.
14. PS to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa.
15. PS to Senior Member, Board of Revenue, Khyber Pakhtunkhwa.
16. PS to Minister for Revenue & Estate Department, Khyber Pakhtunkhwa.
17. Budget & Accounts Officer, Board of Revenue, Khyber Pakhtunkhwa.
18. The Manager Government Printing & Stationary Department, Khyber Pakhtunkhwa Peshawar with the request to publish the above Notification in the extra ordinary Gazette of Khyber Pakhtunkhwa and supply 50 Copies (Printed) of the same to Board of Revenue.

**Deputy Secretary-II,**
Board of Revenue

# بعدالت پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد بنچ

رٹ پٹیشن نمبری 1406 آف 2021ء

1۔ سربلند خان ولد ملک قدم خان، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-0162437-3)۔

2۔ سرنذیب خان ولد حجاب خان، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-0153304-9)۔

3۔ محمد فارق ولد گل زادہ، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-7292769-1)۔

4۔ سید الرحسن ولد میر سید خان، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-9973753-9)۔

5۔ ستبر خان ولد محمد خان، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-4704849-1)۔

6۔ مہر محمد خان ولد حقیق، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-0159061-1)۔

7۔ گل غیر ولد حکم داد، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-5432418-7)۔

8۔ تجاب ولد شیر ولی، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-8440757-5)۔

9۔ شاہ زرین ولد فقیر محمد، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-0159920-9)۔

10۔ سید معورف ولد فض الرحمٰن، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-9091200-7)۔

11۔ مبشر خان ولد اغوا شال، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-1604297-9)۔

12۔ عبداللہ ولد حاجی زرداد، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-7339649-9)۔

13۔ گل محمد ولد احمد ولی، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-7672008-5)۔

14۔ ایوب خان ولد برام خان، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-0158828-3)۔

15۔ فضل حکیم خان ولد فروز خان، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-0163500-9)۔

16۔ اورنگزیب خان ولد فضل نور، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-6306690-9)۔

17۔ عنائیت اللہ ولد حاجی احمد علی، (شناختی کارڈ نمبر: 13403-9360061-5)۔

No 6617
11-11-21
FILED TODAY
ADDITIONAL REGISTRAR
PESHAWAR HIGH COURT
ABBOTTABAD BENCH

No. 6753
11
FILED TODAY

2

18۔ محمد امین ولد حضرت گل، (شناختی کارڈ نمبر؛13403-3486611-9)۔

19۔ ظاہر شاہ ولد محمد حیات خان، (شناختی کارڈ نمبر؛10164-102119-4)۔

20۔ مصر خان ولد حاجی جمعہ خان، (شناختی کارڈ نمبر؛13403-9216215-5)۔

ساکنان ڈاکخانہ رانولیا جلکوٹ تحصیل پٹن ضلع کوہستان۔

۔۔۔سائلان

**بنام**

1۔ حکومت خیبر پختونخواہ بذریعہ سیکرٹری ریونیو ڈیپارٹمنٹ پشاور۔

2۔ حکومت خیبر پختونخواہ بذریعہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پشاور۔

3۔ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پشاور۔

4۔ بورڈ آف ریونیو خیبر پختونخواہ پشاور۔

5۔ کمشنر ہزارہ ڈویژن ایبٹ آباد۔

6۔ ڈپٹی کمشنر لوئر کوہستان پٹن۔

۔۔۔رسپانڈنٹس

**رٹ پٹیشن** زیر آرٹیکل 199 دستور پاکستان 1973ء اسلامیہ جمہوریہ پاکستان برائے احکامات آنحضور کہ نوٹیفیکیشن 23225 مورخہ 28.05.2018 غلط، خلاف قانون اور ماورالاختیار ہو کر اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے اور کہ قابل منسوخی ہے۔

==========================================

**استدعا:** بمنظوری رٹ پٹیشن و بمنسوخی نوٹیفیکیشن نمبری 23225 مورخہ 28.05.2018 نئی قائم شدہ تحصیل کا نام رانولیا کیا جاوے اور اس کا ہیڈ کوارٹر رانولیا مقرر کیا جاوے۔

==========================================

RE-FILED TODAY
ADDITIONAL REGISTRAR
HIGH COURT
BENCH

CamScanner

جناب عالی!

مضمون درخواست ذیل عرض ہے۔

1۔ یہ کہ حال ہی میں حکومت خیبر پختونخواہ نے ضلع کوہستان کو دو اضلاع میں تقسیم کر کے ایک کا نام ضلع اپر کوہستان اور دوسرے کا نام ضلع لوئر کوہستان دیا ہے۔

2۔ یہ کہ ضلع لوئر کوہستان میں ایک تحصیل (متدعویہ) کا نام بنکھڈ/ رانولیا رکھ دیا ہے۔ اور اس سلسلہ میں نوٹیفیکیشن نمبری 23225 مورخہ 22.05.2018 جاری ہو چکا ہے۔ نوٹیفکیشن غلط اور قابل منسوخی ہے۔ یہ کہ اس نوٹیفکیشن کے اجراء کے بعد رسپانڈنٹ نمبر 2 نے ایک اور نوٹیفیکیشن مورخہ 14.11.2019 کو جاری کیا۔ جس کے سیریل نمبر 14 پر تحصیل کا نام بنکھڈ/ رانولیا لکھا ہوا ظاہر کیا گیا ہے۔ یہ کہ نوٹیفکیشن بھی غلط اور قابل منسوخی ہے۔

3۔ یہ کہ سائلان نے اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر صاحب کوہستان، چیف سیکرٹری صوبہ خیبر پختونخواہ، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کو درخواست ہائے گزاری ہیں ان کے درمیان محکمانہ خط وکتابت بھی ہوئی ہے مگر کوئی ٹھوس نتیجہ برآمد نہیں ہوسکا ہے۔ مجبوراً عدالت آنحضور کا دروازہ کھٹکھٹانا پڑا ہے۔

4۔ یہ کہ نوٹیفکیشن ہائے متدعویہ بوجوہات ذیل غلط اور قابل منسوخی ہے۔

**بوجوہات؛**

A۔ یہ کہ قدیم ریاست سوات کے وقت سے رانولیا تحصیل چلی آ رہی ہے۔ سال 1969ء سے ریاست سوات ختم ہوگئی تو بھی سال 1974ء تک رانولیا ہی تحصیل رہی اور تحصیل کا ہیڈ کوارٹر رانولیا ہی تھا۔

FILED TODAY
REGISTRAR
COURT

B۔ یہ کہ ریاست سوات کے وقتوں میں رانولیا میں تحصیلدار کا دفتر ہوتا تھا اسی طرح دیگر عملہ کے دفاتر بھی ہوتے تھے۔ تحصیلدار صاحب کی عدالت، ریکارڈ محفوظ رکھنے کا محافظ خانہ حوالات، پولیس کی رہائشی عمارات، پھانسی گھاٹ تحصیلدار صاحب کی رہائشی، عرائض نویسوں کے بیٹھنے کی جگہ، پولیس پلاٹون کا گراؤنڈ Treasury اور اس کے عملہ کے دفاتر و رہائش وغیرہ بھی موجود تھے اسی طرح ریاست کے دیگر عملہ کے دفاتر اور انکی رہائشی گاہوں کے علاوہ ریاست کا قلعہ بھی تعمیر شدہ تھا۔ ایک exchagne ڈاکٹر صاحب کی ڈسپنسری اور لڑکوں کا مڈل سکول بھی موجود تھا۔ اسی طرح پورے علاقہ کا ڈاکخانہ اب بھی بدستور چل رہا ہے۔

C۔ یہ کہ موجودہ حالات میں رانولیا میں ہائر سیکنڈری سکول، پچاس بیڈ کا R.H.C جس میں ڈاکٹر صاحبان موجود رہتے ہیں دس کمروں کا B.H.U، Live Stock کا ہسپتال جس میں ڈاکٹر صاحب موجود رہتا ہے۔ تعمیر شدہ ہیں عوام الناس استفادہ کر رہے ہیں۔

D۔ یہ کہ رانولیا شاہراہ ریشم پر واقع ہے تمام اہلیان تحصیل کے لئے آسان رسائی ہے تحصیل کے درمیان میں واقع ہے دیگر علاقے بنکھڈ، دوبیر پائیں، دوبیر بالا، دوبیر خاص اور جیجال اس کے ارد گرد واقع ہیں، رانولیا کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ تمام اہلیان تحصیل آسانی سے آجا سکیں گے۔ بنکھڈ میں کوئی عمارت وغیرہ سرکاری یا غیر سرکاری موجود نہیں ہے اور نہ ہی دیگر ضروریات زندگی کی آسان رسائی موجود ہے۔

E۔ یہ کہ رانولیا نہ صرف شاہراہ ریشم پر واقع ہے بلکہ ہموار علاقہ ہے۔ تحصیل قائم کرتے ہوئے سرکاری دفاتر و رہائش گاہوں کے لئے ہموار زمین دستیاب ہے۔ دیگر سہولیات بھی موجود ہیں۔

RE-FILED TODAY
ADDITIONAL REGISTRAR
... HIGH COURT
... BENCH

CamScanner

F۔ یہ کہ نوٹیفکیشن متدعویہ سیاسی مداخلت پر جاری ہوا۔ عمومی عوامی مفاد کے برخلاف ہے۔ عوامی مشکلات میں اضافہ کا سبب ہے۔ مبنی بر عمومی ناانصافی ہے۔ Unfair اور خلاف اصول انصاف ہے۔ جسکی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے۔ لہذا قابل منسوخی ہے۔

G۔ یہ کہ دیگر کوئی مناسب دادرسی موجود نہ ہے۔ لہذا رٹ پٹیشن ہذا دائر کی جارہی ہے۔

H۔ یہ کہ کورٹ فیس مبلغ -/500 روپے شامل ہے۔

I۔ یہ کہ نوٹس ہائے بذریعہ رجسٹرڈ A.D ارسال کر دیئے گئے ہیں۔

J۔ یہ کہ دیگر نقاط بوقت بحث اٹھائے جائیں گے۔

لہذ ا استدعا ہے کہ بمنظوری رٹ پٹیشن ہذا و بمنسوخی نوٹیفکیشن نمبری 23225 مورخہ 28.05.2018 نئی قائم شدہ تحصیل کا نام رانولیا کیا جاوے اور اس کا ہیڈ کوارٹر رانولیا مقرر کیا جاوے، دیگر جو دادرسی قرین انصاف وہ بھی بخشی جاوے۔

۔۔۔۔سائلان

سربلند خان وغیرہ

بذریعہ

تاریخ: 10/11/2021

قاضی عبیدالرحمن

ایڈوکیٹ ہائی کورٹ ایبٹ آباد

تصدیق:

حلفاً تصدیق کی جاتی ہے کہ جملہ مراتب رٹ پٹیشن ہذا بمطابق میرے علم و یقین درست و صحیح ہیں۔ اور کوئی امر بھی عدالت ہذا سے مخفی یا پوشیدہ نہ رکھا گیا ہے۔

۔۔۔۔سائلان

سربلند خان وغیرہ

...TODAY
...GISTRAR
...URT

CamScanner